Urdu

aci.health.nsw.gov.au

# بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال شروع کرنے والے بچوں کے لیے معلومات

OCTOBER 2022

**Information for young people moving to adult health services**

**جب ایک ایک بڑا ہوتا ہوا بچہ بچوں کی صحت کی خدمات کو چھوڑ کر بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال شروع کرے تو عملۂ صحت اس کے لیے 'ٹرانزیشن' کا لفظ استعمال کرتا ہے۔ یہ آسان معلومات آپ کے لیے واضح کرتی ہیں کہ آپ اپنی ٹرانزیشن زیادہ سے زیادہ آسان بنانے کے لیے اہم اصولوں کو کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔**

## 1۔ ٹرانزیشن کا رسمی عمل

- 14 سال کی عمر کے آس پاس اپنی صحت کی نگہداشت کی ٹیم/ٹیموں سے پوچھیں کہ بالغوں کی خدمات صحت کا استعمال شروع کرنے کا کیا طریقہ ہے اور یہ کب ہونے کا امکان ہے۔ ممکن ہے آپ کی مختلف ہیلتھ کیئر ٹیموں کے سلسلے میں اس کا وقت مختلف ہو۔
- یہ بھی پوچھیں کہ نئی بالغوں کی صحت کی خدمات کہاں ہو سکتی ہیں اور یہ بات چیت کریں کہ آپ کیا بہتر سمجھتے ہیں۔

## 2۔ جلد تیاری

- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ٹرانزیشن کا کیا مطلب ہے؟ ACI factsheet and checklist (ACI کا معلوماتی پرچہ اور چیک لسٹ) دیکھیں۔
- آپ جتنی جلدی اپنی ٹرانزیشن کے متعلق بات کرنا شروع کریں گے، آپ کے پاس اپنی ہر ہیلتھ کیئر ٹیم اور اپنے گھرانے اور نگرانوں کے ساتھ منصوبہ بندی اور تیاری کے لیے اتنا ہی زیادہ وقت ہو گا۔ یہ ایک مشکل وقت ہو سکتا ہے جس میں بہت سی تبدیلیاں ہو رہی ہوتی ہیں، اور مدد مہیا ہے۔
- اگر آپ کا کوئی جنرل پریکٹیشنر (جی پی) نہیں ہے تو ایسا جی پی تلاش کریں جو آپ کی ٹرانزیشن میں مدد دے سکتا ہو۔ معلوماتی پرچہ اچھا جی پی تلاش کرنا واضح کرتا ہے کہ اپنی ضروریات کے لیے موزوں جی پی کیسے تلاش کیا جاتا ہے۔

## 3۔ بڑے ہوتے ہوئے بچوں کو خود اپنے کام سنبھالنے کے لیے صلاحیت دلانا، حوصلہ افزائی کرنا اور اس قابل بنانا

- اپنی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں اور اپنے گھرانے اور نگرانوں کے ساتھ بات کریں کہ آپ کن چیزوں سے اپنی صحت کا خود خیال رکھنے کے لیے زیادہ آسانی اور اعتماد محسوس کریں گے۔
- نئی بالغوں کی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں کا استعمال شروع کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اپنے جی پی یا ہیلتھ کیئر ٹیم سے پوچھیں کہ کیا آپ سوشل ورکر، سائیکالوجسٹ یا مریضوں کے رابطہ افسر (patient liaison officer) سے بات کر سکتے ہیں۔ یہ پوچھیں یا گوگل کریں کہ آپ peer support گروپس (اپنے جیسے لوگوں کے گروپ) کیسے تلاش کر سکتے ہیں۔ ایسے کچھ گروپس کی فہرست یہ ہے۔
- کیا آپ جانتے ہیں کہ اپائنٹمنٹس اور ڈاکٹروں سے ملنے کے لیے ریفرلز کیسے لی جاتی ہیں؟ اگر آپ یہ نہیں جانتے تو اپنے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/فیسیلیٹیٹر سے بات کریں۔

NSW GOVERNMENT | AGENCY FOR CLINICAL INNOVATION

ACI 6550 [10/22] | SHPN (ACI) 221039-3 | TRIM 22/2345

## 4۔ ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر یا فیسیلیٹیٹر کا پتہ چلانا

- اپنی ہیلتھ کیئر ٹیم سے پوچھیں کہ بالغوں کی صحت کی خدمات میں ٹرانزیشن کے لیے آپ کو مدد دینے کی اولّین ذمہ داری کس شخص پر ہے۔ اگر آپ کو کوئی مشکل ہو تو یہ شخص آپ کی مدد کر سکتا ہے۔
- آپ کا ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/فیسیلیٹیٹر ایسا شخص ہے جو آپ سے آپ کے جذبات کے متعلق اور اس بارے میں بات کر سکتا ہے کہ دوسری کونسی مدد دستیاب ہو سکتی ہے۔
- اپنی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں سے پوچھیں کہ کیا آپ کو ٹرانزیشن سپّورٹ سروس سے فائدہ ہو سکتا ہے۔

## 5۔ اچھی کمیونیکیشن

- کیا آپ کی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں نے آپ کو ٹرانزیشن کے عمل کے متعلق وضاحت سے بتایا ہے؟
- کیا آپ کے پاس کلینک یا ہسپتال کے خطوط، ٹیسٹوں کے نتائج اور ریفرلز کی کاپیاں ہیں؟
- آپ اپنی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں سے کونسے سوالات پوچھنا چاہتے ہیں؟ آپ بڑے اور چھوٹے سوالات پوچھ سکتے ہیں جیسے یہ کہ ایمرجنسی صورتحال میں کیا ہوتا ہے، ٹائلٹ کہاں ہے اور آپ کو پینے کا پانی کہاں مل سکتا ہے۔
- اپنی ہیلتھ کیئر ٹیم/ٹیموں کو بتائیں کہ آپ ان سے اپنے والد، والدہ یا نگران کی موجودگی میں یا غیر موجودگی میں ملنا چاہیں گے۔ یہ صفحہ آپ کو صحت کی نگہداشت حاصل کرنے کے متعلق آپ کے حقوق بتاتا ہے۔

## 6۔ انفرادی ٹرانزیشن پلان

- کیا آپ کے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/فیسیلیٹیٹر نے آپ کے لیے تحریری ٹرانزیشن پلان بنایا ہے جس میں آپ کی نئی بالغوں کی صحت کی خدمات کی تمام تفصیلات اور دوسری اہم معلومات شامل ہیں؟
- کیا آپ کے پاس ٹرانزیشن پلان کی کاپی ہے؟
- 

## 7۔ خیال رکھنا اور جائزہ

- کیا آپ کے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر/فیسیلیٹیٹر نے آپ کی پہلی اپائنٹمنٹ کے بعد آپ سے رابطہ کیا ہے؟
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کو پتہ ہے آپ بالغوں کی صحت کی خدمات کے ساتھ کوئی مسئلہ ہونے پر کس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ کیا آپ اپنے ٹرانزیشن کوآرڈینیٹر یا فیسیلیٹیٹر، جی پی یا اپنی پرانی ہیلتھ کیئر ٹیم سے رابطہ کریں گے؟

## کیا آپ ٹرانزیشن کے متعلق مزید معلومات لینا چاہتے ہیں؟

**Agency for Clinical Innovation's (جدید کلینکل طریق کار کی ایجنسی) (ACI) کے ٹرانزیشن میں مدد دینے والے وسائل دیکھنے کے لیے یہ QR کوڈ استعمال کریں۔**

ACI Transition Care Service (ACI ٹرانزیشن کیئر سروس) نیو ساؤتھ ویلز میں صحت کے دائمی مسائل رکھنے والے ان نوعمر لوگوں کو مدد دیتی ہے جنہیں بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال شروع کرنے کے لیے اضافی مدد کی ضرورت ہو۔

Trapeze سروس ان نوعمر افراد کو بالغوں کی صحت کی خدمات کا استعمال آسانی سے شروع کرنے کے لیے مدد کرتی ہے جو سڈنی چلڈرنز ہاسپٹل یا Westmead چلڈرنز ہاسپٹل میں مریض رہ چکے ہیں۔

آپ Trapeze کے متعلق مزید معلومات www.schn.health.nsw.gov.au/find-a-service/health-medical-services/trapeze پر لے سکتے ہیں۔

BY-ND

©State of New South Wales (Agency for Clinical Innovation) 2022. Creative Commons Attribution-NoDerivatives 4.0 licence.

مزید معلومات کے لیے دیکھیں: aci.health.nsw.gov.au

ACI لوگو کے لیے Creative Commons لائسنس واجب نہیں ہے اور اسے صرف واضح اجازت کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ACI 6550 [10/22] | SHPN (ACI) 221039-3 | TRIM 22/2345